آلراؤنڈر عماد بٹ اور حسین طلعت کی جارحانہ بلے بازی نے بلوچستان کو فائنل میں پہنچا دیا

- ایونٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں بلوچستان نے سدرن پنجاب کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی
- میچ کے آخری لمحات میں عماد بٹ کی جانب سے چھکے چوکوں کی برسات
- حسین طلعت کی 42 رنز پر مشتمل اننگزکا فتح میں کلیدی کردار
- تجر بہ کار محمد حفیظ اور شعیب ملک کی نصف سنچریاں رائیگاں

لاہور،23اکتوبر 2019ء:

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں جاری نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کےسنسنی سے بھرپوردوسرے سیمی فائنل میچ میں بلوچستان نےسدرن پنجاب کو 3 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔عمادبٹ کی 14 گیندوں پر ناقابل شکست 29 رنز کی برق رفتار اننگز کی بدولت بلوچستان نے 174رنز پر مشتمل ہدف آخری گیند پر حاصل کرلیا۔ حسین طلعت نے 7 چوکوں کی مدد سے 42 رنز کی اننگز کھیل کر فتح میں اہم کردار ادا کیا۔سدرن پنجاب کی جانب سے شعیب ملک اور محمد حفیظ نے نصف سنچریاں اسکور کیں۔

اس سے قبل بلوچستان کے کپتان حارث سہیل نے ٹاس جیت کر پہلےفیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔سدرن پنجاب کی جانب سے اننگز کاجارحانہ آغاز کیا گیا تاہم 58 کے مجموعی اسکور پر دونوں اوپنرز پویلین واپس لوٹ گئے، جس کے بعدتجربہ کار آلراؤنڈرز محمد حفیظ اور شعیب ملک نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 72 رنز جوڑے۔محمد حفیظ نے9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 41گیندوں پر 65 رنز بنائے۔ شعیب ملک نے 40 گیندوں پر 64رنز کی اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔سدرن پنجاب کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 173 رنز بنائے۔ علی

شفیق نے 31رنز کے عوض 2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ حسین طلعت، یاسر شاہ اور عاکف جاوید نے 1،1 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

174 رنز پر مشتمل ہدف کے تعاقب میں خیبرپختونخوا کی ابتدائی 2 وکٹیں محض 22 رنز پر گر گئیں، جس کے بعد اوپنر اویس ضیاء اور عمران فرحت کے درمیان 55 رنز کی شراکت قائم ہوئی تاہم131 رنز پر 5 کھلاڑی آؤٹ ہونے کے بعد بلوچستان کے آلراؤنڈر حسین طلعت نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 29 گیندوں پر7 چوکوں کی مدد سے 42 رنز کی اننگز کھیل کر میچ میں جان ڈال دی۔ جس کے بعدنوجوان کرکٹر عماد بٹ نے کریز سنبھالتے ہی دھواں دھار اننگز کا آغاز کردیا۔ آلراؤنڈر نے میچ کے اختتامی اوورز میں چھکے چوکوں کی برسات کرکے بلوچستان کو دوسرے سیمی فائنل میں کامیابی دلا کر فائنل میں جگہ بنالی۔ عماد بٹ نے 14 گیندوں پر 2 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 29 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔بلوچستان کی ٹیم نے اننگز کی آخری گیند پر7وکٹیں گنوا کر مطلوبہ ہدف حاصل کیا۔سدرن پنجاب کی جانب سے وہاب ریاض نے 36 رنز کے عوض 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ محمد حفیظ، محمد عرفان سینئر، عامر یامین اور زاہد محمود نے ایک ایک کھلاڑیوں کوآؤٹ کیا۔

میچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر آلراؤنڈر عماد بٹ کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk